جب مکھی کسی کﮯ (مشروب سﮯ بھرﮯ) برتن میں گر جائﮯ تو اسﮯ ڈبو دﮮ اور پھر نکال کر پھینک دﮮ کیونکﮯ اس کﮯ ایک پر میں بیماری ﮨوتی ﮨﮯ اور دوسرﮯ (پر) میں شفاء ﮨوتی ﮨﮯ

ابو ﮨریرﮦ رضی اللﮧ عنﮧ سﮯ روایت ﮨﮯ کﮯ نبی کریم ﷺ نﮯ فرمایا ”جب مکھی کسی کﮯ پینﮯ (کﮯ برتن) میں گر جائﮯ تو اسﮯ ڈبو دﮮ اور پھر نکال کر پھینک دﮮ کیونکﮯ اس کﮯ ایک پر میں بیماری ﮨوتی ﮨﮯ اور دوسرﮯ (پر) میں شفاء ﮨوتی ﮨﮯ“ دوسری روایت میں ﮨﮯ کﮯ ”اور وﮦ اپنﮯ اس پر کو برتن کی طرف آگﮯ بڑھا کر اپنا بچاؤ کرتی ﮨﮯ جس میں بیماری ﮨوتی ﮨﮯ“

[صحیح] [اسﮯ امام بخاری نﮯ روایت کیا ﮨﮯ - اسﮯ امام ابو داؤد نﮯ روایت کیا ﮨﮯ - اسﮯ امام احمد نﮯ روایت کیا ﮨﮯ]

آپ ﷺ نﮯ مکھی کﮯ بارﮮ میں بتایا کﮯ جب وﮦ کسی پینﮯ کی چیز میں گِر جائﮯ تواس میں کچھ بھی اثر نﮩیں کرتی، بلکﮯ اس کو پورا ڈبو دینا چاﮩیﮯ اس لیﮯ کﮯ اس کﮯ ایک پَر میں بیماری ﮨوتی ﮨﮯ اور یﮦ وﮦ پَر ﮨوتا ﮨﮯ جسﮯ وﮦ پانی میں ڈبوتی ﮨﮯ اور دوسرﮯ پَر میں اس بیماری کی شفاء ﮨوتی ﮨﮯ جو چیز کئی صدیوں سﮯ مسلمان جانتﮯ تھﮯ، جدید طب نﮯ اس کو درست ثابت کردیا ﮨﮯ مذﮨبِ اسلام کی اس نعمت پر اللﮧ تعالیٰ کا شکر ﮨﮯ

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/8363